11/06/2026

09.25 AM

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

خبروں کا بلٹن لیکر میں **اعجازہ اختر**

وزیر اعظم

وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ ملک کے 140 کروڑ عوام کی توقعات کو ہر صورت میں پورا کیا جائے گا ۔ انہوں نے کہا کہ نیشنل ڈیموکریٹک الائنس نے ہمیشہ قوم کے اعتماد کو مستحکم کیا ہے ۔ نئی دلی کے بھارت منڈپم میں کل شام NDA کنکلیو سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ملک کے عوام نے قومی سطح پر سیاسی استحکام کی اہمیت کو سمجھ لیا ہے ۔ انہوں نے کہا کہ ملک نے پچھلے بارہ برسوں کے دوران تمام شعبوں میں نمایاں ترقی حاصل کی ہے اور اس سے یہ بات واضح ہو جاتی ہے کہ NDA حکومت کی پالیسیاں صحیح سمت میں جا رہی ہیں ۔

-------PM-------

NDA

حکومت کی فلاحی سکیموں سے مستفید ہو رہے ہیں ۔ NDA اِدھر جموں کشمیر کے لوگ بھی حکومت کے 12سال مکمل ہونے کے سلسلے میں جمونو کشمیر وقف بورڈ کی چیر پر سن NDA ڈاکٹر سید درخشاں اندرابی نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کر تے ہوئے کہا۔

-------Darakshan-----

لیفٹنٹ گورنر

اختراعیت اور طبی نگہداشت کے شعبے میں Bio-Medicalلیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے سرینگر میں کل انڈین SKICC کے بڑھتے ہوئے رول کو اجا گر کیا ہے ۔ Immunology کی افتتاحی تقریب سے IMMUNOCON-2026 سوسائٹی کی سالانہ کانفرنس Immunology

خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ سائنسی علوم کو عام لوگوں کے فائدے کے لئے مکمل طور سے بروئے کار لایا جانا چاہئے تاکہ لاگدار بیماریوں کا اثر دار طریقے پر مقابلہ کیا جا سکے ۔

ایل جی ملاقات

دفاع کے وزیر مملکت سنجے سیٹھ نے کل لوک بھون سرینگر میں لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا کے ساتھ ملاقات کی ۔

JandK Hoteliers Club کا ایک وفد بھی اس کے صدر مشتاق چایا کی قیادت میں ایل جی سے ملاقی ہوا ۔

ایل جی خراج

دریں اثناءلیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے اوڑی سیکٹر میں اپنے فرائض انجام دیتے ہوئے اپنی جانوں کی قربانی پیش کرنے والے فوج کے دو بہادر جوانوں Sowar Chavan Vikram Bal Krishna اور Sapper Jadhav Arjun Rajendra کو خراج عقیدت ادا کیا ہے ۔ ایک پیغام میں انہوں نے کہا کہ قوم ان بہادر جوانوں کی قربانیوں کو ہمیشہ یاد رکھے گی ۔ منوج سنہا نے ان کے کنبوں کے ساتھ ہمدردی کا اظہار کیا ہے ۔

وزیراعلیٰ

وزیراعلیٰ عمر عبداللہ نے نئی دلی میں ریلوے کے مرکزی وزیر اشونی وشنو کے ساتھ ملاقات کی اور جموں و کشمیر میں ریل خدمات کو تقویت بخشنے سے متعلق امور پر تبادلہ خیال کیا ۔وزیراعلیٰ نے اس موقعہ پر کہا کہ جموں سرینگر وندے بھارت ایکسپریس وادی کو ملک کے مختلف حصوں کے ساتھ جوڑنے اور کنیکٹوٹی کی سہولیات میں اضافہ کرنے کے تعلق سے ایک سنگِ میل کی حیثیت اختیار کر رہی ہے ۔

اس موقعہ پر و زیراعلیٰ نے جموں سرینگر وندے بھارت ایکسپریس کے لئے اننت ناگ میں ایک Stoppage قائم کرنے کا معاملہ مرکزی وزیر کی نوٹس میں لایا تاکہ جنوبی کشمیر کے لوگوں کو راحت نصیب ہو سکے ۔ انہوں نے مزید کہا کہ وندے بھارت ریل گاڑیوں کی Frequency میں اضافہ کیا جانا چاہئے ۔

نشہ مکت جمونو کشمیر ابھیان

جموںو کشمیر کو منشیات کی لعنت سے چھٹکارا دلانے کےلئے100دنوں پر مشتمل نشہ مکت جموںو کشمیر ابھیان کے تحت سرگرمیاں شدو مد سے جا ری ہیں۔

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا ذاتی طور پر منشیات مخالف پروگراموں اور اقدامات کی نگرانی کررہے ہیں۔ انہوںنے حال ہی میں یوٹی کے تمام ضلعوں میں پد
یاتراو

---

ں کا سلسلہ مکمل کیا۔ٔ

ابھیان کے تحت اب تک کا فی پیش رفت حاصل کی جا چکی ہے۔ منشیات کے خلاف ایل جی کا پیغام۔

------LG------

شاہراہ

ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ رام بن کی جانب سے جاری کردہ ایک اطلاع کے مطابق نیشنل ہائی وے 44 کے نچلانا سٹریچ پر جاری بحالی کے کام کے چلتے یہ سٹریچ 12 جون سے 17 جون کو رات کے 10 بجے سے صبح پانچ بجے تک ٹریفک کے لیے بند کیا جائے گا۔نوٹیفکیشن کے مطابق یہ اقدام مسافروں کے سہولت کے لیے لئے جا رہے ہیں۔

درجہ حرارت

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت18 اعشاریہ 5 ڈگری جبکہ جموں میں رات کا کم سے کم درجہ30 اعشاریہ1ڈگری سیلشیس ریکارڈ کیا گیا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خبروں کا اگلا بلیٹن دن میں بارہ بج کر تیس منٹ پر اردو میں نشر ہو گا ۔

خدا حافظ